
# آرٹ بیداری کے لیے مہم

# (CAMPAIGN FOR ART AWARENESS)

## 19



بیداری مہم کسی خاص پیغام کو پہنچانے میں مدد کرتی اور اہم مسائل کی طرف توجہ دلاتی ہے۔ یہ پیغام کسی نئی سروس کے بارے میں یا کسی سامان پر رعایت کے بارے میں ہوسکتا ہے، یہ وبائی امراض کے دوران ماسک پہننے کی مہم کے بارے میں یا ووٹر اندراج کے بارے میں کسی پیغام کا عوامی اعلان ہوسکتا ہے۔ آرٹ کا استعمال اکثر صحت، اصول صحت، ماحولیات، انصاف وغیرہ سے متعلق بیداری مہموں میں کیا جاتا ہے۔

ان پیغامات کو پہنچانے میں مدد کے لیے پوسٹرز، فلائر، بینرز، ہورڈنگز، ہینڈ آؤٹس اور بروشر بنائے گئے ہیں۔ لوگوں کی توجہ مبذول کرنے اور ان کی توجہ آپ کے پیغام تک لانے کے لیے ان میں سے ہر ایک کو الفاظ اور شکلوں کے ساتھ بہت احتیاط سے تیار کیا گیا ہے۔ آپ نے اسکول میں مختلف اسباب اور پروگراموں کے لیے پوسٹرز، بینرز، فلائرز اور ہینڈ آؤٹس دیکھے یا بنائے ہوں گے۔

کیا آپ سمجھتے ہیں کہ آرٹ کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ضروری ہے؟ اس باب میں آپ دوسروں کو آرٹ کی مختلف شکلوں اور ثقافتی نوادرات کے تئیں شرکت، حمایت اور تعریف کرنے کی ترغیب دینے کے لیے ایک بیداری مہم چلائیں گے۔

مہم تیار کرنے میں بہت سے اقدامات شامل ہوتے ہیں جیسے مواد اکٹھا کرنا، تحقیق کرنا، ایک فارمیٹ کا انتخاب کرنا، اپنا مرکزی پیغام لکھنا اور تصویریں بنانا۔ آپ آرٹ کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے یہ تمام اقدامات اٹھائیں گے۔






## سرگرمی 19.1: اپنی مہم کے لیے موضوع کا انتخاب کیجیے

ایک موضوع منتخب کر کے اپنی مہم شروع کیجیے۔ آپ کسی ایسے فن کار کے ساتھ کام کر سکتے ہیں جو پینٹر، مجسمہ ساز، ڈیزائنر یا فوٹو گرافر بھی ہو سکتا ہے۔ آپ ایک ایسی برادری کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں جو آرٹ اور کرافٹ کی روایت کو زندہ رکھتی ہے، جیسا کہ آپ نے پچھلے باب میں پڑھا ہے یا اسکول پروڈکشن یا یہاں تک کہ آپ اپنا کوئی پروجیکٹ بھی منتخب کر سکتے ہیں۔

4 سے 5 طلبا کے چھوٹے چھوٹے گروپ بنائیے اور اپنی مہم کے لیے ایک ساتھ مل کر ایک موضوع کے بارے میں غور کیجیے۔ یہاں کچھ اشارے درج ہیں:

- کیا آپ اپنے علاقے کے کسی فن کار اور آرٹ کے طریقوں کے بارے میں جانتے ہیں؟
- کیا آپ کے علاقے میں کوئی میلہ ہونے والا ہے یا مقامی دستکاری کا میلہ لگنے والا ہے جہاں آپ فن کاروں سے مل سکتے ہیں؟
- کیا آپ کے علاقے میں کوئی آرٹ اور ڈیزائن کے اسکول ہیں؟
- کیا آپ کے قریب کوئی آرٹ میوزیم یا آرٹ گیلری ہے؟ وہاں کس قسم کے آرٹ ورک کی نمائش ہوتی ہے؟

بہت سارے فن کار اور آرٹ کے طریقے ہیں جن کے بارے میں آپ شاید نہیں جانتے۔ جس آرٹ سے آپ کا تعلق ہو سکتا ہے اسے منتخب کیجیے اور اس کے بارے میں اپنے استاد سے تبادلۂ خیال کیجیے۔













## سرگرمی 19.2: معلومات جمع کیجیے

درج ذیل طریقوں سے اپنے منتخب کردہ موضوع کے بارے میں معلومات جمع کیجیے۔

- اساتذہ، دوستوں اور اہل خانہ سے بات کیجیے۔
- لائبریری جائیے، مقامی اخبارات اور گزشتہ برسوں کی اپنی نصابی کتابوں سے رجوع کیجیے۔
- فن کاروں کے پاس اور ان کے اسٹوڈیوز یا کام کی جگہوں پر جائیے۔
- کسی گیلری، میوزیم، آرٹ میلے یا مقامی بازار کا دورہ کیجیے۔
- مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے اپنے بڑوں کی نگرانی میں انٹرنیٹ استعمال کیجیے۔

آپ کو جو معلومات ملی ہیں ان کے نوٹس تیار کیجیے۔ تصویریں اور متن جمع کیجیے اور درج ذیل معلومات کو تلاش کرنے اور دیکھنے کی کوشش کیجیے:

- اس فن کار یا آرٹ ورک نے معاشرے میں کیا تعاون دیا ہے؟
- فن کار اور آرٹ ورک کے پیچھے کیا کہانی ہے؟
- آپ کو اس کے بارے میں سب سے خاص کیا لگتا ہے، فن کار، آرٹ ورک یا آرٹ کا طریقہ؟
- فن پارے کے پیچھے کیا ترغیبات ہیں؟
- کیا کوئی مخصوص مواد یا تکنیک استعمال ہوتی ہے؟
- انھیں کن سماجی، اقتصادی یا ماحولیاتی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا؟





**استاد کے لیے نوٹ:** طلبا کے لیے ضروری ہے کہ وہ ان کی سوانح عمری سے تاریخوں کے بجائے معلومات کو تصویروں کے ساتھ دل چسپ کہانیوں کے طور پر پیش کیجیے۔ فن کاروں سے متعلق معلومات کو تلاش کرنے، بصری شکل دینے اور اس سے تعلق قائم کرنے میں طلبا کی مدد اور رہنمائی کیجیے۔

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 19.3: معلومات کو ترتیب دیجیے

- اپنی مہم کے دوران پیش کرنے والے اہم پیغام کے بارے میں سوچیے۔
- اپنی مہم کے لیے ایک دلکش عنوان بنائیے۔عنوان 5 سے 7 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے اور وہ آپ کے پیغام کو واضح طور پر ظاہر کرتا ہو۔
- اگر آپ اپنے رقص اور تھیٹر پرفارمنس کے لیے ایک مہم تیار کر رہے ہیں تو آپ کا عنوان اور مرکزی پیغام لوگوں کو متوجہ کرنے اور آپ کی پیش کش کو دیکھنے کی ترغیب دینے والا ہونا چاہیے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**



''دی انر آئی'' ستیہ جیت رے کی فلم ہے۔ یہ بصارت سے محروم معروف فن کار بنود بہاری مکھرجی کے بارے میں ایک دستاویزی فلم ہے۔انھوں نے دیواروں پر بڑے نقش و نگار، تصاویر اور کولاژ بنا کر بڑی کامیابی حاصل کی۔ آپ کے خیال میں ستیہ جیت رے نے اپنی فلم کو یہ عنوان کیوں دیا؟

- آپ نے جو معلومات یکجا کی ہیں ان پر غور کیجیے۔
- معلومات کو مختلف سرخیوں کے تحت ترتیب دیجیے۔ جیسے:
  - تعارف
  - طریقہ عمل
  - پس منظر کی معلومات
  - بصری گیلری

یہ آپ کے منتخب کردہ موضوع کی بنیاد پر مختلف ہو سکتے ہیں۔

**مہم کے عنوان کی مثال —**

**وقت پر سلائی**




یہ کڑھائی یا پیچ ورک کی روایت کا عنوان ہو سکتا ہے۔ چونکہ ہر سلائی بہت احتیاط کے ساتھ کی جاتی ہے اس لیے اس سے غور و فکر اور صبر جھلکتا ہے۔

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 19.4: تصویریں بنائیے اور انھیں یکجا کیجیے

آپ اپنی مہم کے لیے فن کار یا آرٹ کے طریقے سے متعلق ایک پوسٹر بنا سکتے ہیں یا ایک بروشر میں ان کو ترتیب دے سکتے ہیں۔ آپ ایک چھوٹا سا فلائر بھی بنا سکتے ہیں جسے آپ دوپہر کے کھانے کے وقت تقسیم کر سکتے ہیں۔ اس پر غور کیجیے کہ آپ کی مہم کے لیے کیا بہتر کام ہو سکتا ہے۔




### بروشر بنانے کے مراحل

- کاغذ کی ایک A4 شیٹ کو تین حصوں میں برابر برابر موڑیے۔
- صفحات کے تسلسل اور معلومات کی ترسیل کے بارے میں فیصلہ کیجیے۔
- معلومات کے ایک حصے کو چھ اطراف میں تفویض کیجیے۔
  - **سرورق:** اپنا عنوان اور مرکزی پیغام پہلے صفحے پر رکھیے۔
  - **تعارف:** قاری کو چند الفاظ اور تصاویر کے ساتھ بتائیے کہ یہ بروشر کس سے متعلق ہے۔
  - **عمل:** ایک آرٹ ورک کیسے تیار کیا جاتا ہے اس کے پس منظر کی معلومات کا اشتراک کیجیے یا کسی فن کار کے اہم کاموں کی ٹائم لائن بنائیے۔
  - **گیلری:** تصاویر کی ایک گیلری بنائیے جس میں فن کار کی تصاویر اور ڈرائنگ، ان کے کام، مواد اور آلات شامل ہوں۔
  - **ذرائع:** ان ذرائع کا ذکر کرنا نہ بھولیے جن سے آپ نے معلومات حاصل کی ہیں۔ ممکن ہے آپ کے قارئین مزید معلومات حاصل کرنا چاہیں!

کولاژ اور پرنٹ میکنگ جیسی تکنیکوں کے ساتھ تجربہ کیجیے۔ فن کار اور فن کے طریقے کے ذریعے استعمال ہونے والے مواد کو قریب سے دیکھیے۔ کیا آپ اس سے ترغیب لے سکتے ہیں؟

© NCERT not to be republished

## جائزہ

| باب 19: آرٹ بیداری کے لیے مہم | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سی جی | سی | آموزشی ماحصل | استاد | خود |
| 2 | 2.2 | بروشر کی اہم معلومات کو اجاگر کرنے کے لیے تصویری عناصر کا استعمال کرتا ہے۔ | | |
| 3 | 3.2 | بروشر بنانے کے طریقوں کی ترتیب حاصل کرتا ہے۔ | | |
| 4 | 4.2 | بیداری مہم کے لیے اہم مقامی فن کار یا آرٹ ورک کا انتخاب کرتا ہے۔ | | |
| | | مجموعی طور پر شرکت۔ | | |

### استاد کے تاثرات اور طالب علم کے مشاہدات

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

© NCERT not to be republished

# تکمیلی جائزہ

| | جائزہ کے لیے سرگرمی (مثال) | جائزے کے لیے معیار |
|---|---|---|
| انفرادی | اپنا پورٹ فولیو پیش کش کے لیے بنائیے۔<br>5 ایسے آرٹ ورک کا انتخاب کیجیے جو آپ کے آموزشی سنگ میل کی عکاسی کرتے ہیں، جس میں درج ذیل باتیں شامل ہو سکتی ہیں:<br>❖ ایک آرٹ ورک جو آپ کے لیے سب سے مشکل تھا۔<br>❖ ایک آرٹ ورک جس سے آپ سب سے زیادہ مطمئن ہیں۔<br>❖ ایسا آرٹ ورک جس میں آپ نے کسی تکنیک یا مواد کا پہلی بار استعمال کیا۔<br>❖ کھردرے خاکے اور عمل کے نمونے شامل کیجیے۔ | ❖ درج ذیل باتوں پر توجہ دیجیے:<br>❖ بصری آرٹ ورک کے عناصر اور اصول۔<br>❖ ساخت یا بصری ترتیب۔ |
| گروپ | ❖ کلاس میں ایک نمائش کا منصوبہ بنائیں اور اس کا اہتمام کیجیے۔<br>❖ 6 سے 8 طلبا کے گروپ بنائیے۔<br>❖ اپنے گروپ ارکان کے آرٹ ورک یا پورٹ فولیو کو دیکھیے اور ڈسپلے کے لیے ایک مشترک موضوع تلاش کیجیے۔<br>❖ اپنے گروپ کے ڈسپلے کے لیے عنوان سوچیے۔<br>❖ ڈسپلے کے فارمیٹ کی منصوبہ بندی کیجیے اور اس پر عمل کیجیے۔<br>❖ آرٹ ورک پر طلبا کے ناموں، عنوانات، میڈیم اور تاریخ کے ساتھ لیبل لگائیے۔ | ❖ گروپ نمائش کے لیے مناسب موضوع اور عنوان کا انتخاب۔<br>❖ آرٹ ورکس کا انتخاب۔<br>❖ آرٹ ورکس کی نمائش کے وقت ڈیزائن کے اصولوں کا اطلاق |

© NCERT not to be republished

نوٹ

© NCERT
not to be republished

# اگر آپ...



ذاتی تعلقات



تعلیم اور امتحان



ساتھیوں کے دباؤ



کریئر

سے متعلق کسی بھی طرح کے ذہنی دباؤ، پریشانی، فکرمندی، مایوسی یا الجھن میں مبتلا ہیں تو کاؤنسلر کی مدد لیں




نیشنل ٹول فری کاؤنسلنگ
ٹیلی ہیلپ لائن
صبح 8 تا رات 8 بجے تک
ہفتے کے سبھی دن

# منودرپن

کووِڈ-19 کے قہر اور اس کے بعد طلبا کی ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کے لیے نفسیاتی معاونت

(آتم نربھر بھارت مہم کے ایک جز کے طور پر وزارت تعلیم، حکومت ہند کی ایک پہل)

www.https://manodarpan.education.gov.in



راشٹریہ ای-پستکالیہ
آپ کی مفت ڈیجیٹل لائبریری!
اسکین کیجیے، ڈاؤن لوڈ کیجیے اور لاتعداد کہانیاں تلاش کیجیے

4879

विद्ययाऽमृतमश्नुते

एन सी ई आर टी
NCERT

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

NATIONAL COUNCIL OF EDUCATIONAL RESEARCH AND TRAINING

ISBN 978-93-5729-179-8